تاریخ	نام و پتہ مستفتی	مضمون سوال وجواب	تبویب

الجواب حامدا ومصلیا

مسجد کے اندر مدارس کیلئے بوقت ضرورت کبھی کبھار چندہ کرنا مندرجہ ذیل شرائط کے ساتھ جائز ہے

۱۔ چندہ کرنے والا نمازیوں کے سامنے سے نہ گزرے۔

۲۔ لوگوں کی گردنوں کو نہ پھلانگیں۔

۳۔ مسجد میں شور وشغب نہ ہو۔

۴۔ دین اور اہلِ دین کی اہانت نہ ہو۔

۵۔ ایسی کوئی صورت اختیار نہ کی جائے جس سے لوگ رضامندی کے بغیر چندہ دیں کیونکہ جبری چندہ لینا حرام ہے۔

فی رد المحتار: ۲/۱۶۴

والمختار ان السائل ان کان لایمر بین یدی المصلی ولایتخطی الرقاب ولایسأل الحافا بل للامر لابد منہ فلا بأس بالسوال والاعطاء کذافی البزازیہ۔

کذافی الدر المختار: ۶/۴۲۷

مسجد کی انتظامیہ اگر کسی مصلحت کے پیشِ نظر مسجد میں چندے کے اعلان پر یا چندہ کرنے پر پابندی لگائے تو اس کی گنجائش ہے

واللہ اعلم بالصواب

فہیم اشرف غفراللہ لہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۲۵ / ۴ / ۲۵ھ

الجواب صحیح

احقر محمود اشرف غفراللہ

۲۵ / ۴ / ۱۴۲۵ھ